بسم اللہ الرحمن الرحیم

باذن اللہ تعالی

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼

📆 Monday, 13th December 2021.

📼LEC BY USTAZA

DR. FARHAT HASHMI

📘Haya ala salah

🌼Lesson # 6 part c

🕌Topics: Masnoon Namaz ka tariqa

🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼

🕌 نیت قیام

"" إنَّما الأَعمالُ بالنِّيَّات، وإنَّمَا لِكُلِّ امرئٍ مَا نَوَى ...

🌼 نیت

▪️نیت نماز پڑھنے سے پہلے ضروری ہے اور یہ بھی نیت ضروری ہے کہ میں نماز پڑھوں گی کیونکہ جو نیت رکھتے ہیں وہ ہی نماز پڑھنے کا اہتمام کرتے ہیں, اسکی شرائط بھی پوری کرتے ہیں اور وقت پر بنا کہے نماز پڑھتے ہیں۔

▪ جب بھی کوئی نیکی کا کام کرنا چاہیں تو اس کی نیت کریں.

▪نیت کا مقام دل ہے زبان سے ادا کرنا ضروری نہیں. زبان سے نیت کرنا سنت سے ثابت نہیں.

▪دل سے جب نیت کو دہراتے ہیں تو خشوع اور خضوع شروع ہو جاتا ہے.

🌼 ابنِ قیم نے نیت کو زبان سے ادا کرنے کے بارے میں کہا کہ تم میں سے کوئی اگر حضرت نوح کی عمر تک بھی زندہ رہے اور وہ اس بات کو تلاش کرتا رہے کہ آپ ﷺ اور صحابہ کرام نے کچھ ایسا کیا تو وہ کامیاب نہ ہو سکے گا سوائے اسکے کہ وہ جھوٹ بولے گا اور اگر اس میں بھلائی ہوتی تو صحابہ کرام اس میں سبقت لے جاتے اور اس بارے میں رہنمائی کرتے۔

🌼 ابنِ عصیمین کہتے ہیں کہ نیت کے الفاظ نہ نماز , نہ روزے نہ ہی کسی اور عبادت میں ثابت ہیں حتٰی کے حج اور عمرے میں بھی نہیں۔

🕌 نیت کو اللہ کے لیے خالص کرنا

▪نماز میں کسی اور طرف دھیان نہیں جانا چاہیے کہ فلاں بھی خوش ہوجائے فلاں کو بھی راضی کرلوں.

▪نیت جب بھی کریں یہ سوچیں کہ یہ کام صرف اللہ کے لیے کرنا چاہتے ہیں اور اسی کے سامنے پیش کرنا ہے۔

▪بچوں کو ایسی بات بتائیے جس سے وہ خود نماز کا ارادہ کریں۔ وہ نیت کریں گے تو خود پڑھیں گے۔بار بار کہنا نہیں پڑے گا۔

▪اسی طرح برائیوں کو چھوڑنے کی نیت بھی ضروری ہے۔

▪حج کا ارادہ کریں تو پہلا رکن احرام ہے. احرام کے بعد پابندیاں شروع ہو جاتی ہیں. اسی طرح نماز کا احرام اللہ اکبر ہے.

▪تکبیر کے بغیر نماز میں داخل نہیں ہو سکتے.

پہلے تکبیر کہنا پھر ہاتھ اٹھانا

تکبیر کے ساتھ ہاتھ اٹھانا

تکبیر کے بعد ہاتھ اٹھانا

سب میں وسعت ہے.

تکبیر میں ہاتھ کندھوں تک اٹھانا، کندھوں سے تھوڑا سا اوپر کانوں تک اٹھانا درست ہے مگر سر سے اوپر نہیں اٹھانا چاہیے.

▪نماز میں بلا ضرورت دونوں ہاتھوں سے دوپٹہ وغیرہ درست کرنا ٹھیک نہیں_ نماز کم سے کم حرکت کریں.

نماز میں بچوں کو کسی کام سے منع کرنے کے لئے کوئی بھی آواز نہیں نکال سکتے.

قیام نماز کا رکن ہے. جسے ادا کرنا واجب ہے جو شخص کھڑا ہو سکتا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ بیٹھ کے فرض نماز پڑھے

بیماری، بڑھاپے یا کھڑے ہونے سے شدید عاجز ہو تو وہ ایسا کر سکتا ہے کہ زمین یا کرسی پر بیٹھ کر پڑھ لے.

قرآن میں قیام کا حکم ہے.

جو قیام کی قدرت کے باوجود بیٹھ کر نماز ادا کرتا ہے اس کی نماز باطل ہے.

قیام میں اگر کھڑے ہونا مشکل ہو جائے تو سہارا لے کر کھڑے ہو جائیں مگر بیٹھنے سے یہ بہتر ہے.

🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼

🌼 Niyat Qayaam

"إنَّما الأَعمالُ بالنِّيَّات، وإِنَّمَا لِكُلِّ امرِئٍ مَا نَوَى ...

🌼 Niyyat

▪Niyaat namaz parhany sy pehly boht zaroori ha aur ya b niyaat zaroori ha k ma namaz parhun gi kyun k jo niyaat rakhty hain wo hi namaz parhny k ehtamam karty hain.Us ki sharait b poori krty hain aur waqt pr bina kahy namaz parhty hain.

▪Jb b koi naiki ka kam krna chahain tu us ki niyaat karain.

▪Niyyat ka muqam dil ha zuban sy ada krna zaroori nahi.Zuban sy niyyat krna snnat sy sabit nahi.

▪Dil sy jb niyaat ko duhraty hain tu khashoo aur khadhu shuru ho jata ha.

🌼 Ibn e Qayeem ny niyaat ko zuban sy ada krny k bary ma kaha k tm ma sy koi agar Hazrat Nooh ki umar tk b zinda rahy aur wo is baat ko talash krta rahy k Apﷺ aur sahaba karam ny kuch aisa kiya tu kamyaab na ho saky ga sawaye isky k jhoot boly ga aur agar is ma bhalai hoti tu sahaba karam is my sabqat ly jaaty aur is bary ma rahnumai karty.

🌼 Ibn e Aseemeen kahty hain k niyaat k alfaaz na namaz, na rozy, na hi kisi aur ibadat main sabit hain haata ky haj aur umrah main b nahin

🕌 Niyaat ko Allah k liya khalis krna

▪Namaz main kisi aur taraf dhyan nahin jana chahiya k falan b kush ho jayay aur falan ko b razi kr loon.

▪Niyaat jb b krain ya sochain k ya kaam sirf Allah k liya krna chahty hain aur usi k samny paish krna ha.

▪Bachon ko aisi baat btaeeya jis sy wo khud namaz ka irada karain.Wo niyaat karain gy tu khud parhain gy.Baar baar khna nahin pary ga.

▪Isi tarha buraeeon ko chorny ki niyaat krna b zaroori ha.

▪Haj ka irada karain tu phla rukn ehraam ha .Ehraam k baad pabandian shuru ho jaati hain.Isi tarha namaz ka ehraam Allah u Akbar(الله أكبر) hai.

▪Takbeer k baghair namaz ma dakhi nahin ho sakty.

Phly takbeer khna pir hath uthana

Takbeer k sath hath uthana

Takbeer k baad hath uthana

sb main wusaat ha.

Takbeer main hath kandhon tk uthana, kandhin sy thora ooper ano tk uthana darust ha magr sar sy ooper nahi uthana chahiya.

▪Namaz main bila zaroorat dono hathon sy dopatta wagaira darust krna teekh nahin..... namaz may km sy km harkat dain.

Namaz main bachon ko kisi kaam sy mana krny k liya koi awaz nahi nikal skty.Qiyaam naaz ka rukn ha jisy ada krna wajib ha. Jo shaksh khara ho skta ha us k liya jaaiz nahin k wo baith kr farz namaz parhy

Baimari, burhapy ya khary hony sy shadeed ajiz ho tu wo aisa kr skta ha k zameen ya kursi pr baith kr parh ly.

Qura'n ma qiyaam ka hukam ha.

Jo qiyaam ki qudarat k bawjod baith kr namaaz ada krta ha us ki namaz batil ha.Qiyaam ma agar khara hona mushkil ho jaya tusahara ly r khary ho jayain magar baithny syya bhtr ha.

🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼🕌🌼